جانشینی سرٹیفکیٹ کے حصول کا طریقہ ء کار

بحوالہ

قانون جانشینی 1925ء

یہ معلوماتی مواد عام فہم اردو زبان میں عوام کی رہنمائی کیلئے وزارت قانونؒ انصاف
اور انسانی حقوق کے انصاف تک رسائی کے پروگرام کے پیچ نمبر 3 کے تحت تیار کیا گیا ہے۔
اس مواد کی تیاری کیلئے تکنیکی معاونت سی آر سی پی نے فراہم کی ہے۔

جانشینی سر ٹیفکیٹ کے حصول کا طریقہء کار

سوال 1۔ جانشینی سر ٹیفکیٹ سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ جانشینی سر ٹیفکیٹ با اختیار عدالت کی طرف سے فوت شدہ شخص کے وارثوں کو جاری کردہ ایسا سر ٹیفکیٹ ہوتا ہے جس میں انہیں فوت شدہ شخص کا قانونی وارث تسلیم کیا جاتا ہے۔

سوال 2۔ جانشینی سر ٹیفکیٹ حاصل کرنے کا طریقہء کار کیا ہے؟

جواب۔ جانشینی سر ٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لئے فوت شدہ شخص کے وارثوں میں سے کوئی فرد با اختیار دیوانی عدالت میں درخواست دائر کر سکتا ہے۔ درخواست میں فوت شدہ شخص کے تمام وارثوں اور قرض خواہان کو فریق بنایا جاتا ہے۔ یہ درخواست خود یا وکیل کے ذریعے دائر کی جا سکتی ہے۔ مجاز عدالت درخواست کی وصولی کے بعد فوت شدہ شخص کے وارثوں اور عوام الناس کو اخبار میں اشتہار کے ذریعے نوٹس جاری کرتی ہے تاکہ فوت شدہ شخص کا کوئی جانشین جسے فوت شدہ شخص کی وراثت میں سے حصہ ملنا ضروری ہو اور وہ کسی وجہ سے درخواست میں شامل نہ ہو سکا ہو یا شامل نہ کیا گیا ہو تو وہ خود اشتہار پڑھنے کے بعد عدالت میں حاضر ہو کر اپنے حصہ کی حد تک دعویٰ پیش کر کے اپنا حق حاصل کر سکے۔ اگر فریقوں میں سے کسی فرد کو کسی دوسرے فرد کے حق میں جانشینی سر ٹیفکیٹ جاری کئے جانے پر اعتراض نہ ہو تو عدالت درخواست گزار کے نام مذکورہ سر ٹیفکیٹ جاری کرتی ہے جو پاکستان بھر میں لاگو ہوتا ہے۔

سوال 3۔ جانشینی سر ٹیفکیٹ کے لئے دائر کردہ درخواست میں کن باتوں کا درج کرنا ضروری ہے؟

جواب۔ جانشینی سر ٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لئے دائر کی گئی درخواست میں مندرجہ ذیل تفصیلات کا درج کیا جانا ضروری ہے۔

(1) فوت شدہ شخص کا نام اور تاریخ وفات۔

(2) وفات کے وقت رہائش کی جگہ اور اس کی جائیداد کی تفصیل۔

(3) قریبی رشتہ داروں کے نام اور پتے۔

(4) اس حق کی تفصیل جس کی وجہ سے سائل درخواست دے رہا ہے۔

(5) قرضوں یا بقایا جات کی تفصیل جن کے حصول کے لئے سر ٹیفکیٹ درکار ہے۔

سوال 4۔ جانشینی سر ٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لئے کورٹ فیس کتنی ہوتی ہے؟

جواب۔ جانشینی سر ٹیفکیٹ حاصل کرنے کی درخواست صرف 15 روپے کورٹ فیس کی ادائیگی کے ساتھ دیوانی عدالت میں دائر کی جاتی ہے۔

سوال 5۔ جانشینی سر ٹیفکیٹ پیش کرنا کس وقت ضروری ہوتا ہے؟

جواب۔ کسی صاحب جائیداد شخص کی موت کی صورت میں قانون اس کے وارثوں کو اس کی وراثت حاصل کرنے کے مختلف ذرائع مہیا کرتا ہے۔

جانشینی سرٹیفکیٹ اس مقصد کے لئے بہت ضروری ہے۔مثال کے طور پر فوت شدہ شخص کی انشورنس کی رقم، بینک اکاؤنٹ میں موجود رقم، پنشن کی رقم وغیرہ حاصل کرنے کے لئے فوت شدہ شخص کے وارثوں کو متعلقہ اداروں کو جانشینی سرٹیفکیٹ دکھانا ضروری ہوتا ہے۔

سوال 6۔ جانشینی سرٹیفکیٹ لینے والے کو جائیداد کے متعلق کیا اختیارات حاصل ہوتے ہیں؟

جواب۔ جس شخص کو جانشینی سرٹیفکیٹ جاری ہوتا ہے اسے منقولہ جائیداد (وہ جائیداد جو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کی جاسکتی ہو) کے متعلق درج ذیل اختیارات حاصل ہوجاتے ہیں:

(1) جائیداد سے حاصل ہونے والے منافع کو وصول کرنا۔

(2) جائیداد کی خرید وفروخت، منتقلی یا اس سے متعلق کوئی کام کرنا۔

سوال 7۔ کیا جانشینی سرٹیفکیٹ منسوخ ہوسکتا ہے؟

جواب۔ اگر عدالت کے علم میں لایا جائے کہ جانشینی سرٹیفکیٹ حاصل کرنے والے شخص نے قانونی یا واقعاتی حقائق کو چھپا کر سرٹیفکیٹ حاصل کیا ہے تو بااختیار عدالت کو جانشینی سرٹیفکیٹ میں تبدیلی کا اختیار حاصل ہے۔اس طرح اگر جانشینی سرٹیفکیٹ دھوکہ دہی سے حاصل کیا گیا ہو تو عدالت کے علم میں آنے کے بعد وہ سرٹیفکیٹ منسوخ ہوسکتا ہے۔جانشینی سرٹیفکیٹ کی منسوخی کے بعد اسے عدالت میں واپس کردیا جائے گا۔اگر کوئی ایسا نہیں کرے گا تو اسے 1000 روپے جرمانہ یا 3 ماہ تک قید کی سزا دی جاسکتی ہے۔

سوال 8۔ کیا جانشینی سرٹیفکیٹ کے اجراء کے حکم کے خلاف اپیل دائر کی جاسکتی ہے؟

جواب۔ اگر کوئی شخص سرٹیفکیٹ کے اجراء سے مطمئن نہ ہو تو وہ اس حکم کے خلاف 30 دن کے اندر ہائی کورٹ میں اپیل دائر کرسکتا ہے۔ بشرطیکہ وہ سرٹیفکیٹ کسی ڈسٹرکٹ جج نے جاری کیا ہو، لیکن اگر وہ سرٹیفکیٹ کسی سول جج نے جاری کیا ہو تو اس کے خلاف اپیل ڈسٹرکٹ جج کے پاس دائر ہوگی۔

سوال 9۔ جانشینی سرٹیفکیٹ کے حصول کے طریقہ کار سے متعلق مزید معلومات کہاں سے حاصل کی جاسکتی ہیں؟

جواب۔ درج ذیل ذرائع سے بھی جانشینی سرٹیفکیٹ کے حصول کے طریقہ کار سے متعلق مزید معلومات حاصل کی جاسکتی ہیں:

(1) قانون وانصاف کمیشن، حکومتِ پاکستان، سپریم کورٹ بلڈنگ، اسلام آباد، فون نمبر 051-9220483۔ فیکس نمبر 051-9214416، ای میل ljcp@ljcp.gov.pk، ویب سائٹ www.ljcp.gov.pk

۔

(2) کنزیومر رائٹس کمیشن آف پاکستان (سی آر سی پی) پوسٹ بکس، 1379 اسلام آباد، فون نمبر 111-739-739، فیکس نمبر 051-2825336، ای میل main@crcp.org.pk۔